پانی کی ٹینکی میں چھپکلی مرجائے تو؟

❁ **سوال:** دو اڑھائی من پانی پر مشتمل ایک ٹینکی ہے، جس میں پانی جاری رہتا ہے۔ مثلاً موٹر کے پائپ سے پانی داخل ہوتا ہے، اور دوسری طرف خارج بھی ہوتا رہتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ اگر اس ٹینکی میں زندہ یا مردہ چھپکلی گر جائے یا اس میں حلال یا حرام جانور بیٹ کردیں تو اس پانی کو استعمال کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: ایسی صورت میں ٹینکی سے پانی نکال کر اسے صاف کرلینا چاہئے ۔ پانی اصلاً پاک ہے جو دو طرح سے نجس ہوتا ہے: ① نجاست کی وجہ سے اس کا رنگ، بُو اور مزہ بدل جائے تو وہ پلید ہوجاتا ہے، خواہ تھوڑا ہو یا زیادہ۔ ② اندازاً پانچ مشک سے اس کی مقدار کم ہو تو نجاست گرنے سے پلید ہوجاتا ہے، خواہ رنگ، بُو اور مزا بدلے یا نہ بدلے۔

بعض اوقات پانی میں پاک شے پڑنے سے اس کا نام بدل جاتا ہے، مثلاً شربت یا عرق یا لسی وغیرہ تو اس سے وضو اور غسل نہیں ہوگا ۔ البتہ اگر پانی کا نام نہ بدلے، جیسے کنوئیں میں پتے گرنے سے بھی بعض دفعہ رنگ ، بُو، مزہ بدل جاتا ہے مگر اس کا نام پانی ہی رہتا ہے تو اس سے وضو، غسل وغیرہ درست ہے۔ یہی حکم پانی میں حلال جانور گرنے کا بھی ہے۔

❁ **سوال:** کیا گاڑی یا کشتی پر فرض نماز ادا کرنا جائز ہے؟

جواب: اصل یہ ہے کہ فرض نماز زمین پر ہی ادا کی جائے۔ البتہ اضطراری حالت میں جواز ہے، تاہم کشتی میں نماز کے جواز کی تصریح موجود ہے۔

(ملاحظہ ہو: منتقى الأخبار ، باب الصلاة فی السفينة ،نیل الاوطار ۳/۲۱۱)

❁ **سوال:** سگریٹ یا تمباکو کے کاروبار کا کیا حکم ہے؟ (جمیل احمد فاروقی، گوجرانوالہ)

جواب: صحیح مسلک کے مطابق حقہ، سگریٹ وغیرہ حرام ہے، لہٰذا اس کا کاروبار کرنا بھی حرام ہے۔ تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو فتاویٰ اہل حدیث: ۳/۳۱۸

زندگی میں اپنا حصہ وراثت نواسے کے نام کردینا

❁ **سوال:** میرے والد صاحب نے اپنی جائیداد میں سے میری والدہ کے کہنے پر والدہ کا شرعی حصہ جو کہ ۱/۸ ہے، اپنے نواسے کے نام منتقل کردیا۔ اب جبکہ وارث اور وراثت میں حصہ